**OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS**
*Help Center*

# اگر آپ کو نیو یارک ریاست کے کینابس قانون کی خلاف ورزی کے الزام میں سمن جاری کیا گیا ہو تو کیا جاننا ضروری ہے

## نیو یارک ریاست کا کینابس قانون کیا کہتا ہے؟

کوئی بھی فرد یا کاروبار جو بغیر لائسنس کے کینابس اور کینابس مصنوعات کی فروخت، تقسیم یا مفت فراہمی میں ملوث ہو، وہ جرمانے کا مستحق ہو گا۔ این وائی سی شیرف کسی ایسے شخص کو جو قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہو، اس عمل کو فوری طور پر بند کرنے کا حکم دے سکتا ہے۔ شیرف اس جگہ کو سیل کرنے کا حکم بھی جاری کر سکتا ہے جہاں افراد کینابس قانون کی اس طرح خلاف ورزی کر رہے ہوں جو فوری خطرہ پیدا کرتی ہو (مثلاً اسکول کے قریب کاروبار چلانا، نابالغوں کو فروخت کرنا، کسی مقام پر بغیر لائسنس کے پروسیسنگ کرنا، ابتدائی بندش کے حکم کے بعد بھی کھلا رہنا وغیرہ)۔

## اگر مجھے سمن جاری کیا گیا ہو تو میں کیا کر سکتا ہوں؟

آپ اپنے اختیارات کے بارے میں ہدایات کے لیے سمن کے سامنے اور پیچھے کا حصہ ملاحظہ فرمائیں۔ اگر آپ سمن کو چیلنج کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو حق حاصل ہے کہ سمن جاری ہونے کے پانچ کاروباری دنوں کے اندر OATH میں سماعت حاصل کریں۔ قانون کے مطابق OATH کو اختیار حاصل ہے کہ وہ ان سمنز پر سماعت کرے، ان پر فیصلے جاری کرے اور سیل کرنے کے احکامات کے بارے میں شیرف کو سفارشات دے۔ آپ کو اپنی مرضی کے قانونی نمائندے حاصل کرنے کا حق ہے، تاہم یہ لازمی نہیں ہے۔ سماعت کے دوران آپ اپنی پسند کی زبان میں مفت ترجمان طلب کر سکتے ہیں۔ آپ کو اپنا ثبوت پیش کرنے اور اپنے گواہوں کو طلب کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ سمن میں درج سماعت کی تاریخ تک یا اس سے پہلے سمن کو چیلنج کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں تو آپ ایک مرتبہ سماعت کی نئی تاریخ کے لیے درخواست بذریعہ ویب سائٹ nyc.gov/oath/reschedule پر یا کسی بھی OATH سماعت کے مقام پر جا کر دے سکتے ہیں۔

## کیا میں سماعت میں شرکت کے بجائے سمن ادا کر سکتا ہوں؟

اگر آپ خلاف ورزی کو تسلیم کرنا چاہتے ہیں، جرمانہ ادا کرنا چاہتے ہیں اور سماعت میں شرکت نہیں کرنا چاہتے، تو آپ مقررہ سماعت کی تاریخ تک یا اس سے پہلے ایسا کر سکتے ہیں۔ آپ ادائیگی آن لائن، بذریعہ ڈاک، یا ذاتی طور پر کسی بھی ڈپارٹمنٹ آف فنانس بزنس سینٹر میں کر سکتے ہیں۔

تاہم اگر شیرف نے مقام کو سیل کرنے کا حکم بھی جاری کیا ہو تو جرمانہ ادا کرنے سے اس سیلنگ آرڈر پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اور نہ ہی اس سے مقام کو دوبارہ کھولنے کی اجازت ملے گی۔ سیلنگ آرڈر کو چیلنج کرنے کے لیے آپ OATH میں مقررہ سماعت میں شرکت کر سکتے ہیں۔

## نیو یارک ریاست کے کینابس قانون کی خلاف ورزی کے الزام والے سمن کا جواب کیسے دیا جائے؟

سمن موصول ہونے کے بعد اور اس میں درج سماعت کی تاریخ سے پہلے آپ کو جلد از جلد OATH سے رابطہ کرنا ضروری ہے۔ آپ سماعت کی درخواست اس بورو (شہری حلقہ انتخاب) کے ای میل پتے پر بھیج کر کر سکتے ہیں جہاں مبینہ خلاف ورزی ہوئی ہو۔ برونکس: RemoteBronx@oath.nyc.gov; Staten Island: RemoteSI@oath.nyc.gov; Brooklyn: RemoteBKLYN@oath.nyc.gov; Manhattan: RemoteManhattan@oath.nyc.gov; Queens: RemoteLIC@oath.nyc.gov. براہ کرم اپنی ای میل درخواست میں تمام سمن نمبرز درج کرنا یقینی بنائیں۔

اگرچہ آپ کو سمن جاری ہونے کی تاریخ کے پانچ کاروباری دنوں کے اندر تیز رفتار (Expedited) سماعت کا حق حاصل ہے، لیکن اگر سماعت دوبارہ مقرر کی جائے، ملتوی ہو جائے، یا آپ سمن میں درج تاریخ تک جواب نہ دیں تو یہ حق برقرار نہیں رہے گا۔

## اگر میں سمن کا جواب نہ دوں اور(ڈیفالٹ) سماعت میں بھی حاضر نہ ہوں تو کیا ہو گا؟

اگر آپ سماعت کی تاریخ سے پہلے سمن ادا نہیں کرتے اور نہ ہی آپ یا آپ کا نمائندہ سماعت میں شرکت کر کے اسے چیلنج کرتے ہیں تو آپ کو ڈیفالٹ کے ذریعے خلاف ورزی کا مرتکب قرار دے دیا جائے گا اور 10,000 ڈالر جرمانہ عائد کیا جائے گا، **اور سیلنگ آرڈر ایک سال تک برقرار رکھا جا سکتا ہے۔**

OATH کے قواعد کے مطابق ڈیفالٹ ہونے والی پارٹی کو یہ موقع دیا جاتا ہے کہ وہ ڈیفالٹ ختم کروانے اور نئی سماعت کے لیے درخواست دے سکے۔ مزید معلومات اور نئی سماعت کی درخواست کے فارم کے لیے nyc.gov/hearings ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

## سماعت کے دوران کیا ہوتا ہے؟

سماعت کے دوران افسر سماعت سمن کا جائزہ لے گا اور NYC Sheriff (درخواست گزار) اور آپ (جواب دہندہ) دونوں کو ثبوت، گواہ اور دلائل پیش کرنے کا موقع دے گا۔ آپ خود حاضر ہو سکتے ہیں یا اپنے مجاز نمائندے کو بھیج سکتے ہیں۔ افسر سماعت یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا سمن کو خارج کیا جائے یا خلاف ورزی برقرار رکھی جائے۔ اگر سمن میں سیلنگ آرڈر کا حوالہ موجود ہو تو افسر سماعت یہ بھی طے کرے گا کہ آیا سیلنگ آرڈر درست طور پر جاری کیا گیا تھا یا نہیں۔

## سماعت کے بعد کیا ہوتا ہے؟

سماعت مکمل ہونے کے بعد OATH فریقین کو تحریری فیصلہ ارسال کرے گا۔ **سمنز** کے بارے میں OATH کا فیصلہ حتمی انتظامی فیصلہ ہوتا ہے اور اسے OATH یا NYC Sheriff کے پاس اپیل نہیں کیا جا سکتا۔ **سیلنگ آرڈر** کے بارے میں OATH کی سفارش پر حتمی فیصلہ NYC Sheriff سماعت کے اختتام کے چار (4) کاروباری دنوں کے اندر کرے گا۔ سیلنگ آرڈر کے بارے میں کوئی سے بھی دستاویز جمع کرانے کے لیے آپ NYC Sheriff سے بذریعہ ٹیلی فون 2100- 707 (718) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## اگر سماعت کے بعد مجھے خلاف ورزی کا مرتکب قرار دیا جائے تو جرمانہ کیا ہو گا؟

اگر آپ کو خلاف ورزی کا مرتکب قرار دیا جاتا ہے تو جرمانہ یومیہ 10,000 ڈالر ہو گا جب تک خلاف ورزی جاری رہے، نیز زیادہ سے زیادہ جرمانہ 25,000 ڈالر تک ہو سکتا ہے۔ یہ جرمانے قانون کے تحت مقرر کیے گئے ہیں اور انہیں کم، معاف یا کسی اور طرح سے مذاکرات کے ذریعے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ اگر افسر سماعت سیلنگ آرڈر برقرار رکھنے کی سفارش کرے تو NYC Sheriff سماعت کے اختتام کے چار (4) کاروباری دنوں کے اندر اس بارے میں حتمی فیصلہ کرے گا۔

## اگر سیلنگ آرڈر کے بارے میں مجھے سوالات کرنا ہوں تو کیا کروں؟

براہ کرم NYC Sheriff سے بذریعہ ٹیلی فون 2100-707 (718) پر رابطہ کریں۔

**مزید معاونت کے لیے براہ کرم OATH Help Center سے کسی بھی OATH مقام پر ذاتی طور پر، پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک رابطہ کریں، یا بذریعہ ٹیلی فون 436-0845 (212) پر، یا بذریعہ ای میل Manhelpcenter@oath.nyc.gov پر رابطہ کریں۔**

**Bronx**
260 E.161st Street, 6th FL
Bronx, NY 10451

**Brooklyn**
9 Bond Street, 7th FL
Brooklyn, NY 11201

**Manhattan**
66 John Street, 10th FL
New York, NY 10038

**Queens**
31-00 47th Avenue, 3rd FL
Long Island City, NY 11101

**Staten Island**
350 St. Marks Place, Main FL
Staten Island, NY 10301